پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

## مہنگائی- عمومی طور پر

# پاکستانیوں کی اکثریت (68%) نے حکومت کو مہنگائی کا ذمہ دار ٹھہرایا۔

(گیلپ &گیلانی پاکستان پول)،


(اسلام آباد)، 07 جنوری، 2022

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (68%) نے حکومت کو مہنگائی کا ذمہ دار ٹھہرایا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں مہنگائی کا ذمہ دار کون ہے؟"**۔اس سوال کے جواب میں10% جوابدہندگان کے مطابق مہنگائی کی ذمہ دار تاجر/صنعت کار ہیں، 68% جوابدہندگان کے مطابق مہنگائی کی ذمہ دار حکومت ہے، 5% جوابدہندگان کے مطابق مہنگائی کے ذمہ دار فضول خرچ لوگ ہیں، 3% جوابدہندگان کے مطابق مہنگائی کی ذمہ دار بین الاقوامی وجوہات ہیں، 1% جوابدہندگان کے مطابق مہنگائی کا ذمہ دار باہر (عرب، برطانیہ) سے آیا ہوا پیسہ ہے، 2% جوابدہندگان کے مطابق مہنگائی کے ذمہ دار سابقہ حکومتیں ہیں، 3% جوابدہندگان کے مطابق مہنگائی کی ذمہ دار عوام ہے، 2% جوابدہندگان نے دیگر کو مہنگائی کا ذمہ دار ٹھہرایا، تاہم 6% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

" آپ کے خیال میں مہنگائی کا ذمہ دار کون ہے؟"


پاکستان بھر سے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## شہری و دیہی علاقوں کے نتائج کے اعتبار سے:

شہری علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان (63%) کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے جوابدہندگان (70%) میں حکومت کو مہنگائی کا ذمہ دار ٹھہرانے کی شرح زیادہ پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1730 مرد و خواتین سے 23 ستمبر 2021 تا 8 اکتوبر 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, January 07, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)